سوال

(97)گاؤں میں کوئی پڑھالکھا نہیں ہے تواس میں اپنا پڑھاہوانکاح

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگرگاؤں میں کوئی پڑھالکھا نہیں ہے تواس میں اپنا پڑھاہوانکاح صحیح ہوگایانہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس سوال کے جواب کےلیےاوپر کے سوال کاجواب کافی ہے باقی نکاح کے شرائط یہ ہیں۔

(1)عورت محرمات میں سے نہیں ہو۔ (2)ایجاب وقبول ہو۔

(3)دوگواہ موجودہوں۔ (4)ولی النکاح راضی ہو۔

(5)مہرموجودہو۔

اگریہ شرائط موجودہیں تونکاح ہوجائے گاباقی خطبہ پڑھنایہ مسنون دعاہےنکاح کے شرائط میں سے نہیں ہے۔
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ راشدیہ

صفحہ نمبر 438

محدث فتویٰ